


## رحمتہ اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

از: خواجہ نورالزماں اویسی

شہ انس و جاں، سرور کون و مکاں، باعث تخلیق کائنات خاتم النبیین ﷺ بحثیت رحمۃ اللعالمین اس دنیا میں تشریف لائے۔ آپ ﷺ کی تشریف آوری سے مشرق تا مغرب روئے زمین انوار رحمت سے جگمگا اٹھے۔ کائنات کا ذرہ ذرہ پتہ پتہ، گوشہ گوشہ، قطرہ قطرہ اپنے دامن میں ہزار ہا رحمتیں سمیٹ کر محو رقص ہوا۔ ہر فرد ملت کے مقدر کا ستارہ بن کر نمودار ہوا، صالح معاشرہ تشکیل پایا، انسان، حیوان، جمادات ہر مخلوق اس جلیل القدر ہستی کے انوار رحمت کا ممنون ہوا۔ حضور نبی کریم ﷺ کی ساری زندگی کا ہر لحظہ، ہر آن انوار رحمت سے معمور نظر آتا ہے۔ بروز قیامت بھی آپ ﷺ کی رحمتوں کے جلوے عیاں ہوں گے جب قیامت کی ہولناکیاں اپنے عروج پر ہوں گی، بنی نوع انسان پریشان ہوں گے تو صرف آپ ﷺ کی ذات اقدس ہی سب کی نگاہوں کا مرکز ہوگی۔

اللہ تعالی نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمۃ اللعالمین بنا کر بھیجا۔ ارشاد باری تعالی ہے": اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔" (سورۃ الانبیاء) ۔فرش تا عرش اور مکان تا لامکان ہر جہاں کے لیے حضور نبی کریم ﷺ سراپا رحمت بن کر آئے ہیں۔ جہاں تک کہ انسان، حیوان مسلمان، کافر، اپنے اور بیگانے سب کے لیے حضور نبی کریم ﷺ سراپا رحمت ہیں۔

اگر حضور نبی کریم ﷺ کو بحثیت رحمۃ اللعالمین دیکھنا ہے تو وادی طائف کا وہ منظر دیکھے جب حضور نبی کریم ﷺ نے طائف کا سفر کیا اور وہاں کے لوگوں کو مشرف با اسلام کرنے کا ارادہ فرمایا۔ تو وہاں کے لوگوں نے آپ ﷺ کے ساتھ بہت زیادہ بدتمیزی کی۔ بوڑھوں، جوانوں اور بچوں نے تالیاں بجا کر آپ ﷺ کا مذاق اڑایا، آپ ﷺ کو گالیاں دی گئیں اور جب آپ ﷺ وہاں سے جانے لگے تو آپ ﷺ کے پیچھے آوارہ لڑکوں کو لگا دیا جو آپ ﷺ کو پتھر مارتے۔

آپ ﷺ کے قدمین شریف میں سے خون بہنا شروع ہو گیا۔ لیکن اس سب کے باوجود بھی آپ ﷺ نے ان کے لیے بد دعا نہ کی۔ ملائکہ حضور ﷺ کی بارگاہ ناز میں حاضر ہوئے اور عرض کی آپ حکم دیں تو وادی کے ارد گرد پہاڑوں کو آپس میں ملا دوں تو یہ وادی تہس نہس ہو جائے۔ لیکن آپ ﷺ نے فرمایا میں بد دعائیں کرنے کے لیے مبعوث نہیں کیا گیا بلکہ مجھے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ دعا فرمائی اے اللہ تو وادی طائف لے لوگوں کو ہدایت عطا فرما یہ مجھے نہیں جانتے۔


اس طرف تھی جفا
اس طرف تھی دعا
الہی فضل کر کہسار طائف کے مکینوں پر
الہی پھول برسا پتھروں والی زمینوں پر


روزنامہ ایکسپریس سرینگر کشمیر
مورخہ ۱۲ جون ۲۰۲۵ ☐ بروز جمعرات

## نئے راستے، نئی اُمیدیں!

اب جبکہ کٹرہ اور سری نگر کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس ٹرین شروع ہو چکی ہے، اور **191** کلومیٹر کی مسافت محض **2** گھنٹے **58** منٹ کے دوران طے کرنے کے دوران مسافر خاصے محظوظ ہو رہے ہیں، کیونکہ جہاں یہ جدید سہولیات سے آراستہ ٹرین دنیا کے بلند ترین چناب پل سے ہو کر گزرتی ہے، وہیں باقی سفر کے دوران مسافر اپنے آس پاس پہاڑ، جنگلات لہلاتے کھیت کھلیان اور بستیاں بھی دیکھتے ہیں۔ یوں بیٹھے بیٹھے مسافر دلکش اور خوبصورت ترین مقامات کو بھی دیکھ لیتے ہیں۔ ریلوے حکام کے مطابق لوگوں میں اس ٹرین کو لیکر اسقدر کوش وخروش پایا جاتا ہے کہ اگلے دس دنوں کیلئے ٹرین کی سیٹیں بک ہو چکی ہیں اور اب باقی خواہشمند مسافروں کو وندے بھارت ٹرین میں لطف اندوز سفر کیلئے انتظار کرنا پڑے گا۔ سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق اور وزیر ستیش شرما سمیت کئی سیاسی لیڈروں نے بھی اس ٹرین میں سری نگر سے کٹرہ اور پھر وہاں سے واپس سری نگر تک کا سفر کیا۔ ڈاکٹر فاروق سمیت سبھی ایسے خاص مسافروں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے براہ راست ٹرین سروس کو تجارت اور سیاحت کیلئے نیک شگون قرار دیا۔ **6** جون کو اس اعلیٰ سہولیاتی ٹرین کا افتتاح ہونے کے بعد اب تک ہزاروں مسافروں اس دلفریب سفر سے محظوظ اور لطف اندوز ہو چکے ہیں، جن میں بڑی تعداد میں سیاح بھی شامل ہیں۔ یوں ٹرین جیسی ٹرانسپورٹ سروس کا مقصد کم وقت میں لمبا سفر طے کرنا ہوتا ہے لیکن وندے بھارت ٹرین میں سوار ہونے والے مسافر چاہتے ہیں کہ اُن کا سفر جاری رہے تا کہ وہ زیادہ سے زیادہ لطف اندوز ہوسکیں۔ اس ٹرین سروس سے **22** اپریل کو ہونے والے پہلگام حملے سے بری طرح متاثر ہونے والی سیاحت بحال ہونے کی اُمید پیدا ہوگئی ہے، اور حکومت اس بارے میں کوشاں ہے کہ ملک بھر کے لوگوں کا اعتماد بحال ہو جائے اور وہ جوق در جوق کشمیر آئیں۔ **3** جولائی سے شروع ہونے والی سالانہ امرناتھ یاترا **2025** بھی ایک نئی اُمید لیکر آئی ہے، اور اس یاترا کی کامیابی سیاحتی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے کارگر ثابت ہوسکتی ہے۔ حالیہ کچھ برسوں کی طرح امسال بھی اُمید ہے کہ امرناتھ یاترا میں لاکھوں لوگ شامل ہونگے، اور ایسے ہونے کا مطلب یہ ہوگا کہ سیاحت شعبہ پھر ایک مرتبہ ٹریک پر آجائے گا، اور اس صنعت سے وابستہ مختلف طبقوں میں پھر سے اعتماد بحال ہو جائے گا، اور وہ اپنے اپنے کام میں جٹ جائیں گے۔ جموں وکشمیر حکومت کی کوشش ہے کہ ٹرین سروس اور امرناتھ یاترا مثبت پیغام پھیلانے میں معاون اور مددگار ثابت ہو جائے اور اسی لئے ایل جی انتظامیہ اور منتخب حکومت اپنے اپنے طور پر کوششوں میں مصروف ہیں کہ کشمیر کی سیاحت ٹریک پر آجائے اور اس صنعت سے جڑے طبقوں کی مایوسی دور ہو جائے۔ جھیل ڈل کے کنارے سیاحوں کے منتظر شکارہ والوں کے چہروں پر پھر مسکراہٹ آجائے، ہاؤس بوٹ اور ہوٹل مالکان سیاحوں کی مہمان نوازی میں پھر سے مصرو دف ہو جائیں۔ سیاحتی صنعت سے وابستہ دوسرے طبقے بھی کام میں مصروف ہو جائیں، اور یوں کشمیر کی سیاحت یہاں کی تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کیلئے ایک کلید ثابت ہو جائے۔ یہاں یہ بات بھی حوصلہ افزاء ہے کہ کٹرہ سے شاہ دانہ کے بعد میوہ جات بھی ملک کی مختلف منڈیوں کو روانہ کئے جارہے ہیں۔ اگر یہ تجربہ کامیاب رہا تو فروٹ گروورس اور کاروباریوں کو ہر سال ہونے والے نقصان اور خسارے سے نجات مل جائے گی اور کشمیر کی میوہ صنعت پھر سے کامیابی کیساتھ فروغ پائے گی۔ بہر حال حکومت کی ہر کوشش میں عام لوگوں کا تعاون اور شمولیت اہم مانی جاتی ہے، اسلئے لوگوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اعتماد سازی کیلئے کی جارہی کوششوں میں اپنا حصہ ڈالیں۔

## عالمی زبان اُردو کی مقبولیت



از: ڈاکٹر شجاعت علی صوفی

خسرو کی پہیلی، میر کی ہمراز، غالب کی سہیلی اُردو انگریزی اور چینی کے بعد ہندی کے ساتھ ملا کر لگ بھگ 93 کروڑ افراد کی معشوق زبان ہے۔ اگر خالص اُردو کی بات کی جائے تو یہ بھارت بھر میں 23 کروڑ کے ساتھ دسویں نمبر پر آتی ہے۔

ہماری اور آپ کی شیریں اُردو ویسے تو دنیا کے لگ بھگ سبھی نامور ملکوں میں بولی اور سمجھی جاتی ہے لیکن خاص طور پر متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ کے علاوہ بنگلہ دیش میں بولی اور سمجھی جاتی ہے جبکہ اسے پاکستان کی سرکاری زبان ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ اقوام متحدہ نے اُردو کو ایک اہم زبان کے طور پر قبول کرلیا ہے۔ تاہم اسے یو این او کی سرکاری زبان کی حیثیت سے تسلیم نہیں کیا گیا ہے حالانکہ اقوام متحدہ کی چھ تسلیم شدہ زبانوں کے علاوہ اُردو کو بھی کمیونیکیشن کی زبان مانا گیا ہے۔ اقوام متحدہ سرکاری زبان کے ساتھ غیر سرکاری زبانوں کو جس میں اُردو بھی شامل ہیں مواصلات کے ذریعہ کے طور پر قبول کرتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اُردو کو اقوام متحدہ میں بات چیت کی زبان کے طور پر قبول کیا گیا ہے لیکن اسے سرکاری زبان کا درجہ حاصل نہیں ہے۔

2011 کے بعد ملک میں کوئی مردم شماری نہیں ہوئی ہے لیکن اس سال کی مردم شماری کے لحاظ سے اُردو ہندوستان کی ساتویں بڑی زبان رہی۔ آج ہندوستان میں خالص 10 کروڑ لوگ اُردو بولتے ہیں، ہماری یہ زبان آئین میں تسلیم شدہ 22 سرکاری زبانوں میں سے ایک ہے جسے تلنگانہ، اتر پردیش، بہار، جھارکھنڈ، بنگال اور دہلی میں سرکاری کام کاج کی زبان کی حیثیت حاصل ہے جبکہ جموں وکشمیر کی سرکاری زبان بھی اُردو ہی ہے۔

اُردو کو نیپال کی رجسٹرڈ زبان کی حیثیت حاصل ہے۔ Ethnologue کے 2018 کے ایڈیشن کے مطابق SIL International کے ذریعہ شائع کردہ ایک رپورٹ کے مطابق اُردو تقریباً 16.32 کروڑ لوگوں مادری زبان ہے۔ اس آرٹیکل کے مطابق اُردو سب سے زیادہ نفیس زبانوں میں سے ایک ہے جسے خوبصورتی اور شائستگی کا ایک انوکھا سنگم بھی قرار دیا جاسکتا ہے۔

یہ زبان جہاں انقلاب زندہ آباد کا نعرہ لگاتی ہے وہیں یہ روح کو چھو جانے والی زبان بھی ہے۔ اُردو شاعری میں یا نثر میں جو انداز اپنایا جاتا ہے وہ دوسری کسی زبان میں دکھائی نہیں دیتا۔ اُردو جنوبی ایشیا کی ایک بڑی زبان ہے اور خلیجی خطہ کے علاوہ جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے، برطانیہ، امریکہ، فرانس اور جرمنی میں بھی مسلسل مقبولیت کے جھنڈے گاڑھ رہی ہے۔

گیانا، ماریشس، نیپال اور جنوبی آفریقہ میں بھی اُردو کا خوبصورت چلن روز بہ روز ترقی کرتا جارہا ہے۔ Ethnologue کے شمارہ کے مطابق اس وقت دنیا میں ایک ارب سے زیادہ لوگ اُردو بول رہے ہیں۔ اُردو زبان سب سے پہلے ہندوستان کے جنوبی علاقہ میں پھیلی۔ محمد تغلق کے خلاف بغاوت کرکے بھمنی سلطنت قائم کرنے والے علاء الدین حسن بھمنی نے دکن میں اُردو کو مقبول بنانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

یہ ایک سچائی ہے کہ دکن میں اُردو کا رابطہ مقامی لوگوں کے ذریعہ بولی جانے والی مراٹھی، تلگو اور کنڑی سے ہوا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اُردو یا ریختہ میں لکھی گئی پہلی کتابوں میں سے ایک کتاب حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کی "میراج العاشقین ہے" جن کا مزار مبارک گلبرگہ میں ہے۔


مختصر یہ کہ ہندوستان میں ہندی بولنے والوں کی تعداد ساٹھ کروڑ، اُردو بولنے والوں کی مقدار 23 کروڑ ہوتی ہے یعنی ہندوستان ہی میں 93 کروڑ لوگ ملی جلی ہندی اور اُردو کا استعمال کرتے ہیں۔ تازہ ترین رپورٹس کے مطابق اس میں 10 کروڑ لوگوں کو ملا لیا جائے تو اُردو بولنے اور سمجھنے والوں کی تعداد 103 کروڑ ہو جاتی ہے۔ اتنی عظیم الشان زبان کے بارے میں کچھ نادان لوگ کہتے ہیں کہ اُردو زوال پذیر ہے تو ان کے اس رویہ پر افسوس کے علاوہ کیا کیا جاسکتا ہے۔ ان حقائق کی روشنی میں اقبال اشہر اس شکوہ کو کہ

اپنے ہی وطن میں میں ہوں مگر آج اکیلی
اُردو ہے میرا نام میں خسرو کی سہیلی

بجا نہیں قرار دیا جاسکتا۔

## روزہ دار پرندہ





از: اوسید اشہر

ایک ہرے بھرے جنگل میں ندی کے کنارے آم کا ایک گھنا درخت تھا، جس کی شاخوں پر کئی مختلف پرندوں کے آشیانے تھے۔ وہ سب مل جل کر رہتے تھے۔ درخت کی ایک شاخ پر ایک چڑے اور چڑیا کا گھونسلہ تھا جہاں وہ اپنے بیٹے چنچو کے ساتھ رہتے تھے۔ چنچو بہت شرارتی اور متجسس طبیعت کا مالک تھا۔ وہ ہمیشہ نت نئی چیزیں سیکھنے اور دوسروں کی نقالی کرنے کی کوشش کرتا تھا۔

کچھ دنوں سے چنچو مشاہدہ کر رہا تھا کہ قریبی گاؤں کے لوگ صبح سویرے اٹھ کر کھانے پینے کے بعد پورا دن کچھ نہیں کھاتے اور شام کو سورج ڈھل جانے کے بعد سب مل بیٹھ کر کھاتے ہیں۔ چنچو کو یہ دیکھ کر بڑا تعجب ہوا۔ "یہ انسان پورا دن کچھ نہیں کھاتے؟ یہ کیسے ممکن ہے؟" چنچو نے اپنی ماں سے پوچھا۔

"بیٹا! انسان ہر سال رمضان کے مبارک مہینہ میں روزہ رکھتے ہیں۔ روزہ کی حالت میں روزہ دار صبح سے شام تک کچھ نہیں کھاتے حتیٰ کہ پانی بھی نہیں پیتے اور اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہیں۔" چنچو کی ماں نے اسے نرمی سے سمجھایا۔ چنچو نے جوش سے کہا، "واہ! مَیں بھی روزہ رکھوں گا!"

یہ سن کر چڑے نے مسکرا کر سر ہلایا، "بیٹا، پرندے روزہ نہیں رکھتے! ہمارا نظام انسانوں سے مختلف ہے۔ ہمیں دن میں کئی بار خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم انسانوں کی طرح بھوک پیاس برداشت نہیں کر سکتے۔"

مگر چنچو ضدی تھا۔ "نہیں ابا! میں بھی انسانوں کی طرح روزہ رکھوں گا اور شام کو سورج ڈھلنے کے بعد ہی کچھ کھاؤں گا!" چنچو کی ضد کے سامنے چڑے اور چڑیا نے ہار مان لی۔ چنچو نے اسی وقت تہیہ کر لیا کہ وہ کل روزہ رکھے گا۔

اگلے دن چنچو علی الصباح اٹھ گیا۔ سورج کا اُجالا پھیلنے سے پہلے اس نے کچھ دانے کھائے، پانی پیا اور پھر اعلان کیا، "اب مَیں شام تک کچھ نہیں کھاؤں گا!"

روزہ رکھنے کے بعد چنچو درخت کی شاخوں پر اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلنے لگا۔ سورج کی ملائم دھوپ میں چند گھنٹے آسانی سے گزر گئے، مگر مارچ کا مہینہ تھا۔ جیسے ہی سورج بلند ہونے لگا، چنچو کو پیاس ستانے لگی۔ چنچو نے صبر کا مظاہرہ کیا اور پیاس کو برداشت کرتا رہا۔ جب وہ تھک گیا تو اپنے گھر کے باہر بیٹھ کر آرام کرنے لگا۔ اب دوپہر ہو چلی تھی۔ کڑی دھوپ اور تھکن کی وجہ سے چنچو کے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے تھے۔

"چنچو! آؤ، تم بھی اس لذیذ آم کے مزے لو۔" اس کا دوست مونو طوطا بولا جو دوسری شاخ پر بیٹھا رسیلے آم کا مزہ لے رہا تھا۔

"نہیں بھئی، مَیں آج روزہ سے ہوں! مَیں آج غروب آفتاب تک کچھ نہیں کھاؤں گا۔" چنچو نے کمزور آواز میں جواب دیا۔

"لیکن تم بہت تھکے ہوئے لگ رہے ہو۔" مونو فکر مند ہوگیا، "کیا تمہیں بھوک نہیں لگی؟"

"بھوک لگی ہے لیکن مَیں برداشت کرلوں گا!" چنچو نے اپنی چونچ مضبوطی سے بند کرلی گویا وہ باتوں میں نہ الجھ کر اپنی توانائی بچانا چاہتا ہو۔ مونو بھی خاموش ہوگیا۔

مگر سورج کی گرمی بڑھتی گئی۔ تھوڑے ہی فاصلے پر ندی میں تازہ اور صاف پانی کلکل کرتا بہہ رہا تھا۔ پانی کی طرف دھیان جاتا تھا کہ چنچو کا دل مچلنے لگا۔ اس کا گلا خشک ہو چکا تھا۔ ایک پل کے لئے اسے خیال آیا کہ ندی پر جا کر بس ایک گھونٹ پانی پی لے اور اپنی چونچ کو تر کرلے، مگر اسے اپنا روزہ یاد آگیا۔

اسی وقت اُلو بابا، چنچو کے پاس آئے۔ انہیں جنگل کے سب سے بزرگ اور عقل مند پرندوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ جنگل کے بادشاہ شیر شاہ بھی ان سے مشورہ لیتے تھے۔

"کیا ہوا چنچو؟ تم کمزور لگ رہے ہو۔" الو بابا نے پیار سے چنچو کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

"بابا جی! آج مَیں نے روزہ رکھا ہے۔ اس لئے صبح سے کچھ نہیں کھایا اور نہ ہی پانی پیا۔" چنچو نے انہیں اپنے روزہ کے بارے میں بتایا۔ "کیا تمہیں بھوک نہیں لگی؟" الو بابا نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

"جی ہاں۔ مجھے بھوک اور پیاس بہت ستا رہی ہے۔ اب برداشت کرنا مشکل ہو رہا ہے۔" چنچو کی نحیف آواز سے کمزوری جھلک رہی تھی۔

الو بابا نرمی سے بولے، "پیارے بچے! صرف کھانے پینے سے رک جانے کو روزہ نہیں کہتے۔ روزہ برے کاموں سے بچنے اور صبر و شکر سیکھنے کا نام ہے۔ لیکن تم روزہ کیوں رکھ رہے ہو؟ اللہ تعالیٰ نے ہر مخلوق کے لئے ایک الگ نظام بنایا ہے۔ اس نے انسانوں کو اشرف المخلوقات بنایا اور اسے روزہ رکھنے کا حکم دیا، لیکن پرندوں کو ایسا کوئی حکم نہیں دیا گیا ہے۔ ہمیں دن میں کئی بار خوراک کی ضرورت ہوتی ہے، ورنہ ہم بیمار پڑ سکتے ہیں۔ پرندوں کو تندرست و توانا رہنے کے لئے مناسب خوراک بہت ضروری ہے۔"

چنچو نے حیرت سے پوچھا، "تو کیا میں روزہ نہیں رکھ سکتا؟"

"بیٹا! تم اللہ کی عبادت کر سکتے ہو، اچھے اور نیک کام کر سکتے ہو، دوسرے پرندوں کی مدد کر سکتے ہو اور گناہوں سے بچ سکتے ہو۔ یہی تمہارا روزہ ہوگا!" الو بابا نے شفقت سے جواب دیا۔

چنچو کو احساس ہوا کہ وہ بے جا ضد اور انسانوں کی نقل کر کے اپنی صحت خراب کر رہا تھا۔ اس نے الو بابا کا شکریہ ادا کیا اور عزم کیا کہ وہ اچھے کام اور نیکی کر کے اپنے انداز میں روزہ رکھے گا۔

چنچو نے پھر سے اڑان بھری اور ندی پر جا کر سیر ہو کر پانی پیا۔ اور کچھ دانے کھا کر اپنی توانائی بحال کی۔ چنچو کی امی، جو گھونسلے کی اوٹ سے سارا ماجرا دیکھ رہی تھی، خوشی سے چہچہانے لگی۔

